Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

K.D.A

# نیوز لیٹر

جنوری، فروری، مارچ اپریل 2021

مدیران: حبیب الرحمٰن خان - عبدالقدوس ھاشمی - قاضی تنویر احمد - ملک ندیم


## جنزل سیکرٹری کی ڈیسک سے:

ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ ہم سب کے سب سیانے ہیں۔ ہم بات کو سن کر اس کی گہرائی پر غور وفکر کر کے اس کو سمجھنے کی بجائے اسے تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ آپ اس بات کی آزادی رکھتے ہیں کہ آپ کسی کی بات سے غیر متفق ہو سکتے ہیں لیکن اس کا مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آپ بالکل ٹھیک ہیں یا دوسرا بالکل غلط ہے، آپ غیر متفق ہیں تو آپ اپنی رائے دیں بھڑاس نہ نکالیں، نہیں جی! ہم نے تو تنقید ہی کرنی ہے، کیونکہ ہمارے نزدیک ذہانت کا پیمانہ تنقید کرنا ہے، بات کو سمجھنا نہیں۔ اس وقت شاید میں بھی تنقید ہی کر رہا ہوں مگر اس کا مقصد محض بات کو واضح کرنا ہے اور کچھ نہیں۔

میں خود کوئی اچھا انشا پرداز نہیں ہوں۔ واجبی سی اردو لکھتا ہوں اور بعض اوقات ایسی غلطی بھی کر جاتا ہوں کہ ''ہات تیرے کی''۔۔۔ سر پکڑ کے بیٹھ جاتا ہوں لیکن دوہراتا نہیں ہوں۔ آج بھی سیکھنے اور سدھرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

میں پہلے دن سے ایک ہی بات کہتا آرہا ہوں کہ محبتیں بڑھائیں اور رنجشیں کم کریں، پتہ نہیں میں کس حد تک کامیاب ہوا ہوں مگر کوشش رہی ہے کہ میری ذات سے کسی کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔ دل دکھتا ہے جب لوگ ہمارے اچھے کاموں میں برائی ڈھونڈتے ہیں، ہوتا کچھ نہیں کیونکہ ہماری ٹیم پر عزم ہے اور ہم جو کہتے ہیں وہ کرتے بھی ہیں۔ *اسکی مثال آپ سب کے سامنے ہے کہ ہم اس سوسائیٹی کو ان تین سالوں میں کہاں سے کہاں لے گئے ہیں۔ یہاں کا ہر مکین اسکی گواہی دے گا کہ موجودہ ایسوسی ایشن نے کیا خوب کام کیا ہے۔* ATM کا وعدہ کیا تھا کر دکھایا، حالانکہ اسکے پیچھے کتنے پاپڑ بیلے اسکا اندازہ کسی کو نہیں مگر کہتے ہیں ''جہاں چاہ وہاں راہ''۔ گیٹ ۲ بنانا تھا بنا ڈالا، ایچ پارک کو گراسی وفلڈ لائٹ گراونڈ میں تبدیل کرنے کا ارادہ تھا کر دیا، ایسوسی ایشن کو رجسٹر کرنا تھا کر دیا، آئین میں تبدیلی کرنی تھی کروادی قلیل عرصے میں اجڑے ہوئے فیملی پارک کو ماڈل پارک میں تبدیل کیا۔ بارہ سال پرانے بجلی کے الجھے معاملات کو سدھارا۔



اور بہت کچھ کیا جو آپ سب نے دیکھا۔ آگے بھی مزید کرنے کا ارادہ ہے اور کریں گے انشاءاللہ۔ ہم تو بس یہ جانتے ہیں کہ:

تندئی بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیئے

جب ہمارا نیوز لیٹر آپ تک پہنچے گا اس وقت تک ماہ رمضان کا اختتام ہو چکا ہوگا اور عید بھی ہوگئی ہوگی لہٰذا آپ تمام ممبران کو اور آپکے پیاروں کو دل کی گہرائیوں سے عید مبارک۔ اللہ روزہ کی برکات ہم پر نازل کرے اور ہمارے روزے اور عبادات کو قبول کرے آمین۔

آپکا اپنا خبیب الرحمٰن خان - جنزل سیکرٹری

## یوم پاکستان:

کرونا کی تیسری اور خطرناک لہر کے باعث ایک بار پھر ہماری یوم پاکستان کی تقریب متاثر ہوئی اور 23 مارچ 2021 کی تقریب کو سادگی کے ساتھ منایا گیا۔

ایسوسی ایشن نے اس بار پھر فیملی پارک میں یوم پاکستان کی تقریب منعقد کی جس میں صرف تلاوت کلام پاک جسکی سعادت ہمارے ممبر جناب یونس محی الدین صاحب کے حصہ میں آئی اس کے بعد پرچم کشائی کی گئی پھر حاضرین کی تواضع کی گئی۔

لوگوں کی تعداد کچھ زیادہ نہ تھی اور پرچم کشائی کے وقت مختصر لوگوں کے ساتھ پاکستان کا پرچم قومی ترانہ کی دھن پر سر بلند کیا گیا اور آخر میں جنزل سیکرٹری صاحب نے مختصرً الوگوں کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور بھائی چارگی کی فضا کو برقرار رکھنے پر زور دیا اور تمام حاضرین کو ناشتہ کی دعوت دی جسکے بعد حاضرین نے گرما گرم پوریوں اور حلوہ کے ساتھ خوب انجوائے کیا بعد میں چائے پیش کی گئی اور تقریب اختتام پزیر ہوئی۔













## غزل نائٹ 2021:

سنہ 2019 کے بعد کرونا کی وجہ سے 2021 میں غزل نائٹ کا فنکشن منعقد نہ ہوسکا تھا لہٰذا 21 مارچ 2021 کو ایچ پارک میں غزل نائٹ کا اہتمام کیا گیا جسکے تمام اخراجات اہل محلّہ کے چندہ سے کیے گئے۔ اس دفعہ غزل گائیکی کے لئے اکبر تیموری اور لیلا غزل کو مدعو کیا گیا تھا جنہوں نے خوب رنگ جمایا اور رات دو بجے تک خوب گہما گہمی رہی اور تمام ممبران مکین اور انکی فیملی انجوائے کرتی رہی۔ ہم نے اپنے ممبر صوبائی اسمبلی جناب بلال احمد غفار کو بھی دعوت دی تھی اور وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ تشریف بھی لائے۔

اس غزل نائٹ میں بہت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور ایچ پارک میں پہلی بار ایسا پروگرام انجوائے کیا اور بار بار اسکی تعریف کرتے دکھائی دئے۔ ہمارے مکین جناب سلیم بھائی L6 نے ایک بار پھر اپنے کچھ گیت سنا کر اپنے جوہر دکھائے اور داد حاصل کی۔

حاضرین کے لئے سو سے زیادہ کرسیاں لگائی گئی تھیں اور باقی کے لئے فرشی نشت کا اہتمام تھا جسمیں لوگ اپنی اپنی فیملی کے ساتھ بیٹھے تھے جبکہ چائے اور کولڈ ڈرنک کے اسٹال بھی موجود تھے۔








کرونا اور کافی ٹینس ماحول کے بعد یہ ایک ایسا پروگرام تھا جسکو لوگوں نے خوب انجوائے کیا۔ وقفے وقفے سے لوگ اپنی فرمائش کے گیت سننے کے لئے پرچی بھیجتے رہے جبکہ جناب رضوان علی صاحب جو کمپیرینگ کے فرائض انجام دے رہے تھے وہ اکبر تیموری کو پہنچاتے رہے کچھ لوگوں نے اکبر تیموری کو داد کے لئے ھدیہ بھی پیش کیا۔ ترجمان کے مدیر کے ذریعے یہ انکشاف بھی ہوا کہ لیلا غزل PTI کی ممبر تھیں ورنہ ہم نے تو ان کو گانا گانے کیلئے مدعو کیا تھا۔ اسکے ساتھ اگر کسی اہل محلّہ کو کوئی تکلیف ہوئی تو ہم معذرت خواہ ہیں۔



## محفل میلاد:

ہر سال کی طرح اس سال بھی بابر قائم خانی صاحب نے ایچ پارک میں میلاد کی روحانی محفل کا اہتمام کروایا جسمیں مولانا اضغر درس صاحب کو مدعو کیا گیا تھا جنہوں نے اپنے زبردست انداز بیاں سے محفل کو رونق بخشی اور سارے مہمانوں پُرنور محفل سے مستفید ہوئے جسکے بعد دعائیں کی گئیں اور پھر بابر بھائی کی جانب سے اہل محفل کی تواضع گرما گرم کچوری ترکاری اور بریانی سے کی گئی۔

اللہ تعالی بابر بھائی کے رزق میں برکت دے اور عمر دراز کرے آمین جنکی بدولت ایسی محفلیں منعقد ہوتی ہیں۔

## برن آؤٹ 40:

کے ڈی اے اورسیز بنگلوز میں ایچ پارک کی ڈیولپمنٹ کے بعد ایسوسی ایشن نے پہلا برن آؤٹ پروگرام منعقد کروایا جسمیں اورسیز کے مکینوں نے دلچسپی لی اور کافی تعداد میں شرکت کر کے اپنے آپ کو فٹ اور سلم کیا۔ اس پروگرام میں خواتین نے علیحدہ پردے میں جبکہ مردوں نے اوپن ائیر میں شرکت کی۔ اس پروگرام کی فیس دس ہزار روپے تھی جبکہ اورسیز کے مکینوں کے لئے بیس فیصد رعایت تھی اور انھوں نے آٹھ ہزار دئے جبکہ ایسوسی ایشن کو برن آؤٹ منتظمین نے ایک لاکھ کی ڈونیشن دی۔

اس پروگرام کے ونر ہمارے H18 کے مکین جناب عمیر بیگ رہے جنہوں نے گیارہ کلو وزن کم کیا جبکہ خواتین میں ہماری E13 کی لڑکی سدرہ صدیقی نے ایلفا گرل کا ایوارڈ حاصل کیا۔

اب رمضان میں بھی تیس دن کا ایک کریش کورس آفر کیا گیا ہے جسمیں بھی پچاس سے زیادہ لوگوں نے رجسٹریشن کروائی ہے اور حصہ لے رہے ہیں۔

آنے والے دنوں میں بھی اگر لوگوں نے دلچسپی ظاہر کی تو یہ پروگرام وقفہ وقفہ سے منعقد ہونگے تاکہ ہمارے مکین ایسے بہترین پروگراموں سے فائدہ لے سکیں جسکے لئے انکو دور جانا پڑتا ہے اور پیسے بھی زیادہ خرچ ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام ہفتہ میں چھ دن دو گھنٹے کے لئے منعقد ہوتا ہے جسمیں ایچ پارک میں رونق ہوتی ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ لوگ واکنگ ٹریک پر واک بھی کرتے رہتے ہیں اور بچے اپنے کھیل کود میں مصروف دکھائی دیتے ہیں۔

اتنی اچھی ایکٹیویٹی جسمیں ہمارے نوجوان بھرپور انجوائے کر رہے ہیں اس میں بھی ترجمان کے مدیر سیاست کرتے نظر آتے ہیں اور انکو ہر اچھے کام میں خلل ڈالنے کی عادت سی ہوگئی ہے۔ پچھلی دفعہ پردے کا ایشو بنانے کی کوشش کی اور جب لوگوں نے ملامت کی تو ہمیشہ کی طرح بات گھما دی۔ ہمارے جوائنٹ سیکرٹری جناب ملک ندیم نے جب انکو منع کیا کہ وہ اورسیز کی خواتین کے بارے میں نازیبا جملے نہ لکھیں تو انھوں نے اسکو دھمکی کا تاثر دیتے ہوئے پولیس میں FIR کی درخواست دے ڈالی حالانکہ اس سے کچھ نہیں ہوتا ہے مگر یہ اچھی روایت نہیں ہے اس سے آپس میں تلخیاں بڑھتی ہیں اور دست گریباں کا ماحول فروغ پاتا ہے۔





## رمضان کرکٹ ٹورنامنٹ 2021:

ہر سال کی طرح امسال بھی رمضان میں بھی ایسوسی ایشن اپنے نوجوانوں کے سپورٹ سے رمضان کرکٹ ٹورنامنٹ 2021 کا انعقاد کروایا جو ماشائاللہ اس دفعہ ایچ پارک کے گراسی گراؤنڈ و فلڈ لائٹ میں کھیلا گیا۔

اس ٹورنامنٹ میں اورسیز کی آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا جسمیں پانچ سینئر اور تین جونیئر کی ٹیم تھیں اور آخر میں جیتنے والی اور رنر اپ ٹیم کو ٹرافی دی گئی۔

ٹورنامنٹ کا آغاز بروز جمعہ 16 اپریل 2021 سے ہوا اور میچ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کی رات کھیلے گئے۔

سینیئر ٹیموں کو ہر سال کی طرح منفرد نام دئے گئے تھے اور فی پلیئر سو روپے کی فیس رکھی گئی تھی جبکہ ہر ٹیم کے لئے نئی ٹی شرٹ بنوائی گئی تھیں، اس ٹورنامنٹ کو ہمارے رہائشی A14 کے جناب ولی اللہ صاحب کی کمپنیاں Speedup Cars اور Pearl Homes نے اسپانسر کیا اور انکی جانب سے تمام پانچوں ٹیموں کو ٹی شرٹ جس پر انکے Logo چھپے ہوئے تھے اور ٹیموں کے نام پرنٹ تھے دی گئی جبکہ گراؤنڈ کی دیوار پر انکی کمپنی کے بینرز آویزاں کئے گئے۔ ہم ولی اللہ صاحب کے مشکور ہیں جنہوں نے اس ٹورنامنٹ کو اسپانسر کیا اور بچوں کی حوصلہ افزائی کی۔

انتظامی معملات ہمارے ممبر مسعود اختر اور محمد علی کے سپرد رہے جبکہ ملک ندیم، امتیاز احمد صدیقی اور حبیب صاحب ہمیشہ کی طرح منتظمین کے ساتھ تھے۔ ٹیموں کے میچ اور ٹورنامنٹ سے متعلق سارا

انتظام ہمارے ممبر فیزان ارشاد و سعد P2 کے ذمہ رہا جبکہ انکی سپورٹ کے لئے جناب عاطف P6 شانہ بہ شانہ موجود رہے۔

ٹورنامنٹ کی پانچ بڑی ٹیموں کے نام اور سیمی فائنل تک کے پوائنٹ کی تفصیل کچھ اس طرح رہی:

| Standing | TEAM | Matches | Won | Lost | Points | N/R |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | FC | 4 | 3 | 1 | 6 | 2.5 |
| 2 | Wolves | 4 | 3 | 1 | 6 | -0.9 |
| 3 | Thunders | 4 | 2 | 2 | 4 | 1.5 |
| 4 | Sultans | 4 | 2 | 2 | 4 | -1.6 |
| 5 | Royals | 4 | 0 | 4 | 0 | -3.4 |


جمعہ 30 اپریل کو فٹبال کلب اور سلطان کا پہلا سیمی فائنل جبکہ دوسرا سیمی فائنل اور سیز وولفز اور تھنڈر کے درمیان کھیلا گیا اور ایک زبردست مقابلے کہ بعد اور سیز وولفز اور فٹبال کلب کی ٹیموں نے فائنل تک رسائی حاصل کی۔

فائنل میچ پہلی مئی بروز ہفتہ کی رات کو زبردست انتظامات کے ساتھ کھیلا گیا اور ایک دلچسپ مقابلہ کہ بعد فٹبال کلب نے اور سیز وولفز کو شکست دے کر ٹورنامنٹ جیت لیا۔ جبکہ جونیئر ٹورنامنٹ اور سیز ٹائگر نے اور سیز لائن کو شکست دے کر جیتا۔

آخر میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوء اور جیتنے والی ورنرز اپ ٹیموں کو مہمان خصوصی جو پرل ہوم و اسپیڈ اپ کار کے مارکیٹنگ ڈائریکٹر اور چیف ایکزیکیوٹو آفیسر تھے نے ٹرافیاں و کپ تقسیم کیے۔ اسکے ساتھ اسپانسر نے منتظمین کو بھی گفٹ پیش کیے جبکہ عاطف صاحب کی جانب سے جیتنے اور رنر اپ کی ٹیموں کو کیش ایوارڈ پیش کیا تا کہ بچوں کی حوصلہ افزائی ہو۔

انیچ پارک میں تماشا سیٹوں پر یا گھاس پر بیٹھ کر لطف لیتے دکھاء دے رہے تھے، ایک الگ ہی سمع تھا جو اس سے قبل نہیں دیکھا گیا۔ اللہ ہم سب کو اسی طرح خوش و خرم اور آباد رکھے آمین۔










## فیملی پارک:

فیملی پارک کی خوبصورتی کے پیچھے سب جانتے ہیں ہمارے ہردلعزیز وائس پریذیڈنٹ جناب قاضی تنویر احمد صاحب کی انتھک اور مسلسل محنت ہے۔

ابھی حال ہی میں انھوں نے فیملی پارک کے فوارے کو دوبارہ مرمت کروا کر بحال کروایا ہے جس کی موٹر خراب ہوگئی تھی اور رنگین لائٹ جو فیوز ہوگئی تھیں کو بدلوایا ہے۔اس میں موسمی پھول ایک بار پھر لگائے جا رہے ہیں تا کہ گرمی کے موسم کی مناسبت سے اسکو پھر سجایا جائے۔

## بنک الحبیب ATM:

اب جبکہ بنک الحبیب کا ATM گیٹ ۲ پر لگ چکا ہے جسکے لئے ہماری پورے دو سالوں کی انتھک جدوجہد شامل ہے ہم آپ تمام لوگوں کو اسکی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اپنے جنرل سیکرٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انکو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

اس ATM پر شروع میں بنک ہفتہ میں دو دفعہ بیس لاکھ کیش فل کرتا تھا مگر سیکورٹی اور بہترین لوکیشن کی وجہ سے عوام اس ATM کو زیادہ استعمال کر رہے ہیں اور بنک کو روز آنہ کی بنیاد پر اس میں تیس لاکھ کیش فل کرنا پڑ رہا ہے۔

بنک سے ہمارا دس سال کا معاہدہ ہے جسکے مطابق بنک ہمیں کوئی رینٹ نہیں دے گا کیونکہ یہ ہماری چاہ پر لگایا گیا ہے جبکہ بجلی کا بل بنک ادا کرے گا جو سب میٹر کی ریڈنگ کے مطابق ہر ماہ وصول کیا جا رہا ہے۔

ہم تمام مکینوں سے گزارش کریں گے کہ وہ اپنے بنک اکاؤنٹ اس بنک کے ساتھ بھی کھولیں تاکہ مشین سے کیش نکالنے میں آسانی ہو اور اضافی چارجز سے بچا جا سکے، اس سلسلے میں اگر کوئی رہنمائی چاہئے ہو تو وہ ہمارے جنرل سیکرٹری حبیب صاحب سے لے سکتے ہیں۔

## ڈی پارک کی بحالی:

ہمارے محلّہ میں کُل سولہ پارک ہیں جسمیں فیملی پارک اور ایچ پارک (جو ایسوسی ایشن مینیج کرتی ہے) شامل ہیں۔

ایچ پارک اور فیملی پارک کے علاوہ باقی سارے پارک بلاک کے مکین خود سنبھالتے ہیں۔ کچھ پارک جیسے A پارک B پارک، D پارک اور G پارک ایسے پارک ہیں جنکو وہاں کے مکین دیکھ بھال نہیں کرتے ہیں اور وہ بنجر پڑے ہوئے ہیں۔ جبکہ باقی بلاک کے پارک بہت بہتر حالت میں ہیں کیونکہ ان بلاک کے مکین اپنے بلاک کے پارک کی دیکھ بھال میں دلچسپی لیتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ انکو ہرا بھرا رکھیں۔

اب D بلاک کے کچھ مکینوں نے اپنے بلاک کے پارک کو پارک کی شکل میں واپس لانے میں دلچسپی دکھائی ہے جسمیں جناب سعید خان صاحب جو C9 کے رہائیشی ہیں مگر D پارک انکے گھر کے

سامنے ہے اسکو بحال کرنے میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں اور انھوں نے اہل محلّہ کو راضی کرایا کہ وہ اس میں اپنا حصہ ڈالیں جسمیں وہ بلآخر کامیاب ہوگئے اور کچھ مکین انکے اس نیک مقصد میں شامل ہوگئے۔ لہٰذا D بلاک کے مکینوں کی کنٹریبیوشن سے D بلاک کی بحالی شروع ہوگئی ہے، پہلے مرحلہ میں اسکی چہار دیواری بنے گی اور گراؤنڈ لیول کیا جائے گا اور پھر اسکا فرش اور باقی کام بھی کرنے کا ارادہ ہے۔

اس پارک کے ساتھ کچھ مکینوں نے اسکے بنجر پن کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے تجاوزات بھی بنالیں ہیں اور وہاں کے مکینوں نے اُن سے درخواست کی ہے کہ وہ اسکو ہٹالیں اور امید ہے کہ وہ اسکو جلد ہٹائیں گے کیونکہ یہ عمل غیر قانونی اور غیر اخلاقی کے ساتھ اسلامی لحاظ سے بھی غیر مناسب ہے جسکی ممانعیت ہے۔

امید ہے باقی پارک جو ابتک ابتری کا شکار ہیں ان بلاک کے مکین بھی انکی دیکھ بھال شروع کریں گے۔

## اورسیز کی روڈ کی استرکاری:

ایسوسی ایشن نے ایک بار پھر اورسیز کے گیٹ ۲ اور اندر کی سڑکوں کی مرمت واسترکاری کے لئے کنٹونمنٹ کو نہ صرف درخواست دی ہے بلکہ CEO سے ملاقات کرکے اس بات پر زور دیا ہے کہ وہ ہماری درخواست پر غور فرمائیں۔ اسکے ساتھ اپنے ممبر صوبائی اسمبلی جناب بلال غفار صاحب کو بھی کہا ہے کہ وہ اس طرف توجہ فرمائیں۔

## واٹر کولر:

اس وقت ہماری سوسائیٹی میں چار ٹھنڈے پانی کے کولر لگے ہوئے ہیں تاکہ آتے جاتے ملازمین اور اسٹاف کو ٹھنڈا پانی دستیاب ہو۔ دونوں گیٹ، فیملی پارک اور آفس کے سامنے یہ واٹر کولر نصب ہیں اور ایسوسی ایشن انکی دیکھ بھال کرتی رہتی ہے۔ حال ہی میں تین واٹر کولر دوبارہ سروس کرائے گئے ہیں اور ماشائاللہ چاروں کولر بہترین حالت میں ہیں۔

## گیٹ ون کی تزین و آرائش:

گیٹ ۲ کی طرز پر اب گیٹ ا کی تزین وآرائش کا کام شروع ہونے جارہا ہے اور ہم اپنے منشور کے ایک اور نکتہ کو پورا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

گیٹ ا کی ڈرائنگ تیار ہوچکی اور کنٹونمنٹ سے گیٹ ۲ کی طرح اجازت بھی لی جاچکی ہے۔ کیونکہ یہ گیٹ بھی بہت پرانے طرز پر زمانہ قدیم سے ایک ہی حالت میں ہے لہٰذا شروع ہی سے ہمارا وژن تھا کہ اسکو بھی رینوویٹ کیا جائے اور جس طرح ہر کام کا وقت ہوتا ہے اسکا بھی وقت آگیا ہے تاکہ اسکو چوڑا اور خوبصورت کیا جائے، جس سے مکینوں کے لئے آسانی ہوسکے۔

تمام مکینوں سے گزارش ہے کہ اسکے اخراجات میں ایسوسی ایشن کا ہاتھ بٹائیں اور بڑھ چھوڑ کر حصہ لیں تاکہ جلد از جلد اس کام کو پائے تکمیل تک پہنچایا جائے۔

## مکان نمبر کے بورڈ:

ایسوسی ایشن جلد ہر گلی میں مکانوں کے نمبر کے بورڈ آویزاں کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اس پر کام شروع کردیا گیا ہے تاکہ آنے والے مہمانوں کو مکان ڈھونڈنے میں جو پریشانی ہوتی ہے اس میں مدد مل سکے۔ اسکے ساتھ ہمارے علاقہ کی خوبصورتی میں مزید اضافہ بھی ہو۔

مزید یہ کہ ایسوسی ایشن پوری سوسائیٹی کا ایک نقشہ بھی آویزاں کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو جلد لگایا جائے گا۔

## پانی کی قلت:

حالیہ دنوں میں پانی کی شدید قلت نے اورسیز کے مکینوں کو بلبلا کر رکھ دیا۔آخر ایسا کیا ہوگیا کہ پانی رفتہ رفتہ ہم سے روٹھتا گیا۔پچھلے دو تین سالوں میں نہ تو آبادی میں بے انتہا اضافہ ہوا اور نہ کوئی سپلائی کے اوقات کار تبدیل ہوئے،تو پھر کیا ہوا؟

آیئے یہ جائزہ لیتے ہیں کہ اورسیز میں پانی کی کمی کی وجوہات کیا ہیں اور یہ مسئلہ اورسیز کے باسیوں کے لیے کتنا گمبھیر ہے۔

مینجنگ ڈائریکٹر واٹر بورڈ اسد اللہ خان کہتے ہیں کہ 2006 کے بعد سے شہر کے لیے پانی کی فراہمی میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔یعنی 15 سال میں آبادی بڑھنے کی رفتار تو وہی رہی ،لیکن آبادی میں اضافے کی ضروریات کے مطابق پانی کی فراہمی میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا لہٰذا آہستہ آہستہ پانی کی مقدار کم ہوتی جارہی ہے۔

ہماری 18 انچ کی لائن جس سے ریزروائیر میں پانی گرایا جاتا ہے اس لائن کے ڈائیا کو 14 انچ کر دیا گیا نتیجتاً جو ریزروائیر تیس منٹ میں بھرتا تھا وہ ایک گھنٹہ میں بھرتا ہے اور مسلسل پمپنگ نہ ممکن ہوگئی۔

جب پمپنگ رکنے کہ بعد دوبارہ چلتی ہے تو لائن خشک ہوجاتی ہیں اور دوبارہ بھرنے میں وقت لگاتی ہیں جس سے پریشر ڈراپ ہوجاتا ہے اور اوپر والے بلاک کے ساتھ نیچے والے بلاک بھی متاثر ہونا شروع ہوگئے ہیں۔

اگر پیچھے سے پانی کی سپلائی مسلسل جاری رہے تو یہ گھسا پٹا اور ناکارہ سسٹم بھی پانی پہنچاتا رہے گا جو کربھی رہا تھا۔

والو سسٹم پہلے بھی تھے اور علی جان کی بدمعاشی بھی تھی مگر جب پیچھے سپلائی کم ہوئی تو سارا سسٹم بیٹھ گیا۔

ہم اپنی ہر ممکن کوشش کرتے رہتے ہیں کہ اس میں بہتری لائی جائے مگر اس کرپٹ ادارے نے حد کر رکھی ہے۔ہماری کوشش جاری ہے اور جاری رہے گی کہ ہم اورسیز کے پانی کے مسائل کو بہتر بنا سکیں جسکے لئے کچھ نہ کچھ حکمت عملی بنائی گئی ہیں،جسمیں بڑے بڑے احتجاجی بینر پورے جوہر میں لگائے گئے ہیں اور قرب وجوار کی یونین کے ساتھ ملکر احتجاج بھی کیا جارہا ہے اور اعلی حکام کو خطوط بھی روانہ کیے گئے ہیں تاکہ کچھ ریلیف مل سکے۔اللہ کرے کچھ بات بن جائے۔آپ اپنا تعاون جاری رکھیں اور دعاؤں میں شامل رکھیے گا۔

## صدقہ وفطر:

ہم اللہ کے شکر گزار ہیں جو ہمیں ایک بار پھر رمضان کا بابرکت مہینہ ہمیں نصیب ہوا جسمیں ہمیں روزہ رکھنے وتر واتح سنے اور اپنے پیارے نبی کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق ہوئی۔اللہ تعالی ہماری عبادتوں کو قبول کرے اور ہمارے فطرہ وصدقہ کو بھی قبول فرمائے، اللہ ہمیں ہر وہ کوتاہی جو دانستگی میں یا غیر دانستہ ہوئی ہو کو بھی معاف فرمائے آمین۔

ہمیشہ کی طرح اس سال بھی مکینوں نے اپنا فطرہ وصدقہ کی رقوم ایسوسی ایشن کے ذریعہ اور زاتی طور پر خود بھی اورسیز کے ملازمین میں تقسیم کی۔ہماری اپیل پر کہ مکین ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم کو استعمال کریں تاکہ اسٹاف میں تقسیم منصفانہ اور برابری کی بنیاد پر ہو پہلے کئی سالوں کہ مقابلہ میں اس سال سب سے زیادہ فنڈ صدقہ وفطر کی مد میں جمع ہوا جو چھ لاکھ بیس ہزار پانچ سو ستر (620,570) تھا،جو ایسوسی ایشن پر مکینوں کے اعتماد کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔جبکہ پچھلے سالوں میں جمع ہونے والی رقوم کچھ اس طرح تھیں:

سنہ 2018 میں 196,000 روپے

سنہ 2019 میں 419,000 روپے

سنہ 2020 میں 398,000 روپے

ہمیں امید ہے کہ آنے والے وقت میں اس اعتماد میں مزید اضافہ ہی ہوگا۔ہم نے کل 28 لوگوں میں اس فنڈ کو تقسیم کیا جسکے لیے ہمیشہ کی طرح ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جسمیں مندرجہ ذیل افراد شامل تھے:

جناب دلشاد بخاری مکین M2
جناب عمیر کریم صدر ایسوسی ایشن

جناب یونس محی الدین ممبر ایسوسی ایشن

جناب امتیاز احمد صدیقی خزانچی ایسوسی ایشن

جناب حبیب الرحمٰن خان جنرل سیکرٹری

فنڈ کی تقسیم 28 روزہ بروز منگل بعد نماز عصر ایسوسی ایشن کے دفتر سے کی گئی۔

اللہ ہم سب کی کاوش اور اخلاص کو قبول کرے آمین!

## عیدالفطر کی نماز:

ماشاءاللہ ایک بار پھر اللہ نے توفیق دی کہ ہم نے عیدالفطر کا بہترین انتظام کیا اور ایچ پارک میں حکومتی اقدام کے پیش نظر صرف اور سیز کے مکینوں نے عید کی نماز ادا کی۔ عیدالفطر کی نماز کی امامت ہمیشہ کی طرح مفتی طاہر صاحب نے کی اور ایک جامع واعظ کے بعد دعا کرائی۔

ایسوسی ایشن نے پہلے ہی عید کی نماز کے لئے ضروری ہدایت جاری کردی تھیں اور دونوں گیٹ نماز کے اوقات میں بند کروا دیئے تھے تاکہ باہر کے لوگ کو روکا جاسکے۔





## علی حیدر زیدی اور بلال غفار کا دورہ:

بروز اتوار ۲ مئی کو ہمارے علاقہ کے MNA جناب علی حیدر زیدی اور MPA جناب بلال احمد غفار صاحب نے ایچ پارک کا دورہ کیا اور فلڈ لائٹ میں بچوں کے ساتھ کرکٹ کھیلی اور ایسوسی ایشن کی بہت تعریف کی کہ انھوں نے پارک کو بہترین انداز میں سنبھالا ہوا ہے۔ علی بھائی نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ وہ کسی روز ضرور آئیں گے اور رات کو پارک کو دیکھیں گے۔

کچھ دیر کرکٹ کھیلنے کے بعد انھوں نے ایسوسی ایشن کے ممبران اور اہل محلّہ کے ساتھ غیر رسمی گفتگو کی اور چائے پی۔ دوران گفتگو علی زیدی اور بلال غفار نے وعدہ کیا کہ جلد ہماری درخواست کی سنوائی ہوگی اور یہاں کی سیوریج لائن بدلی جائے گی جبکہ پانی کی کمی کو بھی پورا کرنے میں اپنی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اسکے علاوہ یہاں کی روڈ کی بھی استرکاری پر کام کیا جائے گا۔

ہمیں علی زیدی اور بلال غفار سے بہت امید ہے کہ وہ ایچ پارک کی طرح ہماری مزید مدد کریں گے اور ایسوسی ایشن انشاءاللہ ان سے مزید کام نکلوانے میں کوشش کرتی رہے گی۔













# انتقال پُر ملال

جنوری تا اپریل 2021

| مکان نمبر | نام | تاریخ وفات |
|---|---|---|
| N-25 | بشیر احمد خان | 24-01-2021 |
| N-12 | شوکت قمر | 28-01-2021 |
| A-9 | محمد رضی اختر ولد اختر علی خان | 07-02-2021 |
| A-20 | محمد وجاہت علی خان | 10-02-2021 |
| Q-16 | بانو بیگم والدہ کامران | 16-03-2021 |
| N-21 | والدہ محترمہ محمد شاہ | 03-04-2021 |
| N-28 | زوجہ جلیل احمد | 10-05-2021 |

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور ان کے حقیقین کو صبر اور ہمت فرمائے


SPEEDUP CARS
A Complete Solution
SPEEDUP CARS
A COMPLETE SOLUTION
AUTO REPAIR
& MAINTENANCE
- AC Works
- Oil Change
- Accident Repair
- Electrical Works
- Mechanical Works
- Denting & Painting
- Computer Diagnostic
- Routine Maintenance
AUTO PARTS
& ACCESSORIES
- Service Parts
- Genuine New Parts
- After Market Parts
- Genuine Used Body Parts
- Fancy Show Lights
- Used Gear and Engines
- Decoration Accessories
- Face Lift Conversions
CAR CLEANING
& DETAILING
- Polishing
- Internal Cleaning
- Standard Wash
- Glass Coating
- Ceramic Coating
- Paint Protection
- Car Upholstery
- Car Wrapping
Car Pick-Up & Drop-Off for Maintenance
1- Pick a Car from your Door Step
2- Repair your Car
3- Wash and Service your Car
4- Drop Back your Car at Door Step
Additional Services
- Auto Sales and Purchase Assistance
- Vehicle Tax Payment Facilitation
- Vehicle Transfer Documentation Facilitation for Sales/Purchase
CONTACT US: 021- 35807777 0321- 2622309 WWW.SPEEDUPCARS.COM
SHOP NO. 1, PLOT NO. 60-C, 22ND COMMERCIAL STREET, PHASE 2 EXT. DHA, KARACHI, PAKISTAN


PEARL HOMES
Enterprises
REAL ESTATE CONSULTANT & BUILDERS
BAHRIA TOWN
ETIHAD
RESIDENCY
BOOKING OPEN
ETIHAD
BUILDERS & DEVELOPERS
2,3 & 4
BED ROOM ULTRA LUXURY MODERN APARTMENTS
RAHIM ULLAH ACHAKZAI
+92345 1944441
MUHAMMAD WALIULLAH
+92321 2622309
Ground Floor Ali Plaza, Bahria Town, Karachi
BUILD YOUR DREAM HOME WITH US!!!
IN PRESTIGIOUS PRECINCTS OF BAHRIA TOWN KARACHI
- ON EASY INSTALMENTS
- ON TIME DELIVERY
- SUPERIOR MATERIAL & FINISHING
BUY OR SELL PROPERTIES IN
- PLOTS
- VILLAS
- SHOPS
- SHOWROOMS
- OFFICES
www.pearlhomes.net

Rehman Associates

# REHMAN ASSOCIATES

## Property Management



We Deals in All Kinds of

**SALE**

**PURCHASE**

**&**

**RENT**




**Habib Ur Rehman Khan**
+92 302-8600631 / +92 336-3579625

**Hafeez Ur Rehman**
+92 315 2069499

KDA Overseas Bunglows Block 16-A
Gulistan-e-Johar, Karachi.
Handphone:
Email: habibrbsl@yahoo.com
Facebook https//www.facebook.com/Rehman Associates


Rehman Associates